NHS

UK Health Security Agency

## آپ یوکے (UK) منتقل ہوئے ہیں :

# اپنے ویکسین اپ ٹو ڈیٹ کریں



## کیا آپ یا آپ کا کوئی عزیز بیمار ہے؟

**NHS 111 کو فون لگائیں** اگر آپ کو فوری طبی امداد یا مشورے کی ضرورت ہے لیکن اگر صورتحال جان لیوا نہ ہو۔ آپ NHS 111 کو اس صورت میں بھی فون کرسکتے ہیں جب آپ کو پتہ نہ ہو کہ آپ کو NHS کی کس سروس کی ضرورت ہے۔

**اپنے مقامی فارماسسٹ سے مشور لیں**-- آپ کا فارماسسٹ آپ کو بہت ساری چھوٹی موٹی بیماریوں کے بارے میں مشورہ دے سکتا ہے، جیسا کہ اسہال، چھوٹی موٹی انفیکشنز، سردرد، سفر کے متعلق مشورہ یا خراب گلہ۔

**اپنے جی پی کے ساتھ اپوائنٹمنٹ بنائیے** اگر آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہو لیکن ایمرجنسی نہ ہو۔

**واک ان سنٹر، مائنر انجریز یونٹ یا ارجنٹ کیئر سنٹر میں تشریف لے جائیے** اگر آپ کو چھوٹی موٹی بیماری یا زخم (کٹس، موچ یا دانے) آیا ہو اور آپ جی پی سرجری کے کھلنے کا انتظار نہیں کر سکتے ہوں۔

**999 کو کال کریں** اگر کوئی شدید بیمار یا زخمی ہو اور ان کی زندگی کو خطرہ ہو۔

**اے اینڈ ای ڈپارٹمنٹ** (جسے ایمرجنسی یا کیژولٹی ڈپارٹمنٹ بھی کہا جاتا ہے) حقیقی طور پر جان لیوا قسم کی ایمرجنسیز کے ساتھ ڈیل کرتا ہے۔ لوگوں کو اس ترتیب سے دیکھا جاتا ہے کہ ان کی ایمرجنسی کتنی سنگین ہے۔


UK Health Security Agency

UK Health Security Agency gateway number: 201942
©کراؤن حقوقِ اشاعت 2022 - (APS (MG235589 1P DEC 2019


## ہوسکتا ہے کہ کچھ لوگوں کو اضافی ویکسینیشن کی ضرورت ہو۔



کچھ لوگوں کو انفیکشنز سے **سیرئس بیماریاں لگنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے** اور انہیں ان بیماریوں سے بچانے کے لئے اضافی ویکسینیشن آفر کرنی چاہیئیں۔ ان میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو ایسی کرونک بیماریوں کے ساتھ جی رہے ہیں جو کہ ان کے کلیدی اعضاء یا ان کے مدافعتی نظام کو متاثر کرتی ہیں۔



**ہیپاٹائٹس اے** یہ ویکسین ان لوگوں کے لئے ضروری ہے جنہیں ہیپاٹائٹس لگنے کا سنگین خطرہ ہوتا ہے، بشمول ان کے جو جگر کے امراض میں مبتلاء ہوں یا جن کی فیملی میں اس کا کیس رپورٹ ہوا ہو۔



**ہیپاٹائٹس بی** ان لوگوں کے لئے بھی ہیپاٹائٹس کا اضافی ویکسین دستیاب ہے جنہیں جگر کی بیماری ہے یا وہ لوگ جنہیں یہ انفیکشن لگنے کا زیادہ امکان ہو (مثال کے طور پر ہیپاٹائٹس سے متاثرہ خواتین کے ہاں جنم لینے والے بچے یا وہ لوگ جن کے پارٹنر یا کسی فیملی ممبر کو یہ انفیکشن ہو) اپنے جی پی پریکٹس سے دریافت کریں کہ آیا آپ یا آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی کے خلاف ویکسینیشن کی ضرورت ہے۔




**ٹیوبرکلوسس** ان بچوں اور بالغان کو بی چی جی کے ویکسین کی ضرورت ہے جو ان علاقوں میں رہتے ہیں جہاں ٹی بی کی شرح زیادہ ہے۔ وہ لوگ جن کے قریبی فیملی ممبرز کو ٹی بی ہے انہیں بھی بی سی جی کے ویکسین کی ضرورت ہے۔

**NHSE کے ساتھ رجسٹریشن کے بارے میں معلومات کے لئے (پرائمری میڈیکل کیئر پالیسی اینڈ گائیڈنس مینول) اور مائگرنٹ کے صحت کے بارے میں بی ایم اے کے رف گائیڈ کے لئے برائے مہربانی دیکھئے:https://bit.ly/2hv37zc**

NHS

**جی پی پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہونے اور علاج کروانے کا حق مجھے حاصل ہے۔**

## ویکسینز خطرناک انفیکشنز سے آپ اور آپ کی فیملی کو تحفظ دینے کا سب سے محفوظ ترین طریقہ ہے- یہ آپ کو صحتمند رہنے میں مدد دیتے ہیں



اینگلینڈ میں زیادہ تر ویکسینز NHS مفت فراہم کرتا ہے۔ ویکسینیشنز آپ کا آپ کی پوری زندگی کے لئے تحفظ کرتی ہیں۔ بچوں کو ابتداء میں ہی تحفظ دینے کے لئے زیادہ تر ویکسینز نومولودوں اور بچوں کو سکول شروع کرنے سے پہلے ہی آفر کی جاتی ہیں۔ کیونکہ اینگلینڈ میں لوگ ویکسینز کو خوشدلی سے قبول کرتے ہیں لہٰذا انہیں لازمی نہیں قرار دیا گیا ہے۔



ویکسینیشنز عموماً جی پی پریکٹس پر نرسز دیتے/دیتی ہیں۔ پریکٹس نرسز کو خصوصی طور پر مشورہ اور ویکسین دینے میں تربیت دی جاتی ہے۔ نرس احتیاط کے ساتھ آپ کی میڈیکل ہسٹری چیک کرے گا/گی، اور جب تک آپ اور آپ کا بچہ ٹھیک ہو، تو ڈاکٹر کے معائنے کی ضرورت نہیں ہے۔

تھوڑے بڑوں بچوں کو کچھ ویکسینیشنز سکول میں آفر کی جاتی ہیں۔ بڑوں کے لئے ویکسینیشنز عام طور پر جی پی پریکٹس یا فارمسیز میں آفر کی جاتی ہیں۔



اگر آپ وثوق کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ آپ یا آپ کے بچے کو انگلینڈ کی تمام سفارش کردہ ویکسینیشنز ملی ہیں تو اپنے جی پی پریکٹس سے رجوع کریں۔ انگلینڈ میں سفارش کردہ ویکسینیشنز لینے کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔

## جی پی پریکٹس کے ساتھ رجسٹریشن کرنا

کوئی بھی شخص انگلینڈ میں جی پی پریکٹس کے ساتھ رجسٹریشن کر سکتا ہے اور پرائمری کیئر ڈاکٹر یا نرس سے مفت معائنے کا حقدار ہے۔ جی پی پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہونے کے لئے آپ کو شناخت کا ثبوت یا امیگریشن سٹیٹس دکھانے کی ضرورت نہیں۔

یہ آپ پر اس صورت میں بھی لاگو ہوتا ہے اگر آپ اسائلم سیکر، پناہ گزیں، بے گھر مریض یا غیرملکی ویزیٹر ہیں، اور یا UK میں قانونی طور پر رہائش پذیر ہیں یا نہیں۔

اگر آپ فٹ اور صحتمند ہیں تب بھی آپ کو رجسٹر کرنا چاہیئے۔ کیونکہ کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ کب آپ کو علاج کی ضرورت پڑ جائے اور پریکٹس آپ کو صحتمند رکھنے کے لئے تدارکی خدمات فراہم کرسکتا ہے۔



**اگر آپ کو شیپرون (محرم) یا مترجم کی ضرورت ہے، تو اپنے جی پی پریکٹس سے بات کریں۔**

## انگلینڈ میں ہر کسی کا جی پی کے ساتھ رجسٹر ہونا ضروری ہے۔ آپ ان سے بغیر پیسوں کے معائنہ کرواسکتے ہیں اور آپ کو پروف آف ایڈرس (ثبوتِ پتہ) کی ضرورت نہیں

جی پی کے ساتھ کیسے رجسٹر ہوتے ہیں، اس کے بارے میں معلومات اس لیفلٹ میں اور مندرجہ ذیل لنک پر ہیں۔

**www.nhs.uk/using-the-nhs/nhs-services/gps/how-to-register-with-a-gp-practice**

NHS سے بعض علاج کروانے کے لئے آپ کو پیسے دینے پڑسکتے ہیں، لیکن معمول کی ویکسینیشن مفت ہے۔

## اگر آپ کو ہیلتھ کیئر تک رسائی میں مسائل کا سامنا ہو تو کیا کرنا چاہیئے؟

اگر آپ کو بدستور مسائل کا سامنا ہو تو 111 ڈائل کریں۔

### مختلف ممالک میں مختلف ویکسین آفر کئے جاتے ہیں



یہ ایک اچھی بات ہوگی اگر آپ اپنے جی پی پریکٹس کے ساتھ چیک کرکے یقینی بنائیں کہ انگلینڈ میں جو ویکسینز مفت فراہم کی جاتی ہیں، وہ سب آپ نے کرلی ہیں۔ یہ اہم نہیں ہے کہ آپ نے یہ کیسے مس کئے، بلکہ اہم یہ ہے کہ آپ انہیں پورا کریں اور تحفظ پائیں۔

کچھ انفیکشنز کچھ ممالک میں زیادہ عام ہوسکتی ہیں، لہٰذا یہ بھی اہم ہے کہ اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ ملنے کے لئے کسی دوسرے ملک جانے سے پہلے چیک کر لیں کہ کہیں آپ کو اضافی ویکسینز کی ضرورت تو نہیں۔ بعض سفری ویکسینز NHS کی جانب سے مفت مہیا نہیں کی جاتیں۔

## انگلینڈ میں معمول کے مطابق کونسے ویکسینز دئے جاتے ہیں؟



ویکسینیشن نومولود بچوں، چھوٹے بچوں، ٹین ایجرز، حاملہ خواتین اور معمر افراد کو آفر کئے جاتے ہیں۔ آپ ویکسینیشن کے شیڈول کے بارے میں مزید معلومات یہاں حاصل کرسکتے ہیں
www.nhs.uk/conditions/vaccinations.


اگر آپ نے یوکے کے شیڈول کا کوئی بھی ویکیسن مس کیا ہو، تو آپ کو پھر بھی تحفظ کی ضرورت ہے، بڑی عمر میں بھی۔ اپنے جی پی یا نرس سے دریافت کریں کہ آیا آپ کو کیچ اپ ڈوز کی ضرورت ہے۔



شیرخوار اور دیگر چھوٹے بچوں کو بچپن والی انفیکشنز سے بچانے کے لئے ویکسینیشن دی جاتی ہیں جن میں خسرہ، ممپس، روبیلا (ایم ایم آر)، روٹا وائرس، ڈپتیریا، کالی کھانسی، مننجائٹس، پولیو، تشنج، ہیپاٹائٹس بی، ٹی بی اور دیگر شامل ہیں۔



سکول شروع کرنے سے پہلے بچوں کو مندرجہ بالا دی گئی بیماریوں میں سے کچھ کے لئے بوسٹر ویکسینیشن کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ بچوں کی بہتر اور دیرپا حفاظت میں مدد دیتے ہیں۔ پرائمری سکول جانے والے بچوں کو ہر سال فلو ویکسینیشن آفر کی جاتی ہیں۔



ٹین ایجرز کو ان میں سے کچھ انفیکشنز کے لئے ایک ٹاپ آپ (بوسٹر) کی ضرورت ہوتی ہے، بشمول مننجائٹس، تاکہ انہیں بلوغت میں زیادہ دیرپا تحفظ ملے۔ انہیں HPV ویکسین بھی آفر کیا جاتا ہے جو کچھ کینسرز سے بچاؤ کرسکتا ہے۔



اگر آپ بچے کے بارے میں پلان کر رہے ہیں تو آپ کو چیک کرنا چاہیئے کہ آیا آپ کی ویکسینیشن مکمل ہے؛ خصوصاً MMR کی دو خوراکیں، اس سے قبل کہ آپ حاملہ ہوں۔

اگر آپ حاملہ ہیں تو آپ کو اپنے آپ اور اپنے بچے کو کالی کھانسی اور فلو سے بچانے کے لئے ویکسینیشن کی ضرورت ہے۔ آپ کی ہیپاٹائٹس بی جیسی انفیکشنز کی لئے سکریننگ (خون کے ٹیسٹ کی) ہونی چاہیئے۔ کچھ بچوں کے پیدائش کے وقت ہیپاٹائٹس بی کے خلاف ایک اضافی ویکیسینیشن کی ضرورت ہو سکتی ہے۔



معمر لوگوں کو فلو، نمونیا اور شنگلز کے خلاف ویکسینیشن کی ضرورت ہوتی ہے۔

**اپنے جی پی یا پریکٹس نرس سے معلوم کریں کہ آیا آپ یا آپ کے بچے کو معمول والی یا اضافی ویکسینز کی ضرورت ہے۔**